28/09/2025

12.30 PM

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ عمر مختارسے خبریں سُنئے

من کی بات

وزیر اعظم نریندر مو دی نے لوگوں سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ دیوالی اور آنے والے دیگر تہواروں کے موقعے پر خریداری کے دوران ووکل فار لوکل کو اپنا منتر بنائیں۔ آکاشوانی پراپنے من کی بات پروگرام میں انہوننے کہا کہ جا ری بچت اُتسو کے دوران آنے والے تہوار ہر GST ایک کےلئے خوشیاں لا رہے ہیں۔

----

وزیر اعظم نے بھارتی بحریہ کی دو خواتین افسران کے ساتھ بات کر تے ہوئے ناری شکتی کی اہمیت کو اُجاگر کیا۔ انہوننے کہا کہ ملک کی بیٹیاں ہر میدان میں اپنی چھاپ ڈال رہی ہیں، چاہئے وہ کاروبار ، کھیل کود، تعلیم یا سائنس کا میدان ہو۔

----

اپنے من کی بات پروگرام کے126ویں اپیسوڈ مینوزیراعظم نے شہید بھگت سنگھ ، معروف گلوکارہ آنجہانی لتا منگیشکر حال ہی میں فوت ہوئے معروف گلوکار Zubeen Garg اور فلاسفرSL.Bhyrap کو شاندار الفاظ میں خراج عقیدت پیش کیا۔

منوج سنہا

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے حیاتیاتی تنوع کے تحفظ کو ایک قومی مشن بنانے پر زور دیتے ہوئے قدرتی وسائل کے تحفظ اور ن کی بحالی میں سماج سبھی طبقوں کی طرف سے رول ادا کرنے کی ضرورت اُجاگر کی ہے۔

سرینگر میں نیٹ ورک 18گروپ کی طرف سے" پرائڈ آف جے اینڈ کے" نامی ایوارڈ SKICC تقریب سے خطاب کر تے ہوئے انہوننے تیز تر ترقی اور وِکست بھارت کےلئے ماحولیاتی اور اقتصادی ہم آہنگی پر زور دیا ہے۔

نائب وزیر اعلیٰ

نائب وزیر اعلیٰ سُریندر کمار چودھری نے کہا ہے کہ حکومت نوجوانوں کو روزگار دینے اور متحرک کاروباری نظام فراہم کرنے کی وعدہ بند ہے۔ کنونشن سینٹر جموں میں مشن یوا کے تحت منعقدہ جاب میلے کا افتتاح کر تے ہوئے انہوننے کہا کہ مشن یوا محض ایک سکیم نہیں بلکہ بدلاؤ کی ایک تحریک ہیں جس کا مقصد آنے والی نسلوں کو خود کفیل اور بااختیار بنا نا ہے۔

سوستھ ناری

سوستھ نا ری سشکت پریوار ابھیان کے تحت پورے ملک کے ساتھ ساتھ جمونو کشمیر میں بھی خواتین کے معیار حیات میں بہتری لانے کےلئے متعدد پروگراموں کا انعقاد جا ری ہے۔

اس سلسلے میں محکمہ سماجی بہبود شوپیان کی طرف سے بیٹی بچاؤ بیٹی پڑھاؤں کے تحت ایک پروگرام منعقد کیا گیا ۔ پروگرام کی صدارت ضلع ترقیاتی کونسل کی چیرپرسن بلقیس جان نے کی، شوپیان شبیر احمد کُلے بھی موجود تھے-MLA جبکہ اس موقعے پر

جی ایس ٹی

بچت اُتسو سے GSTوزیر اعظم نریندر مو دی کی طرف سے اس ماہ کی22تاریخ کو اعلان کر دہ سماج کے سبھی طبقے مستفید ہورہے ہیں۔

اصلاحات کی رو سے کھیل کود کے سامان اور سائیکلوں کی ٹیکس شرحیں GST جدید بھی12فیصد سے کم کر کے5فیصد کر دی گئی ہیں۔

اسکے علاوہ زند گی بخش ادویات اور روز مرہ کے متعدد چیزوں پر بھی جی ایس ٹی شرحیں کم کر دی گئیں ہیں، جن کی عوامی سطح پر زبردست پذیرائی کی جا رہی ہے۔

----

مشن یوا

ایمپلائمنٹ ڈیپارٹمنٹ کشمیر کی طرف سے پوکھری بل سرینگر میں ایک فلیگ ریلی منعقد کی گئی، جس دوران مشن یوا سکیم کے بارے میں عوام خاص کر نوجوانونمیں جانکاری پیدا کی گئی۔

آبی کھیلوں کے اس ایونٹ میں وادی کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے250کھلاڑیوں ریس اور پیڈل بوٹنگ جیسی سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر Ergometer نے کیاکنگ، کینو ینگ حصہ لیا۔

جاوید ڈار

محکمہ زرعی پیداوار اور دیہی ترقی کے وزیر جا وید احمد ڈار نے خواجہ باغ بارہمولہ کے شوکت علی اسٹیڈیم میں ضلع سطح کے انڈر 19کرکٹ ٹورنامنٹ کا افتتاح کیا۔

واگورہ کریری حفیظ لون اور MLA اس موقعے پر کھیل کود کے وزیر ستیش شرما اور سوپور ارشاد رسول کار بھی موجود تھے-MLA

اپنی تقاریر میں وزیروں اور قانون سازیہ ارکان نے نوجوانوں کی مجموعی نشو نما میں کھیل کود کی اہمیت اُجاگر کی۔

پولیس

پولیس نے سوپور بڈگام اور شوپیان سے3مزید ڈرگ سمگلروں کو گرفتار کر کے اُن کے قبضے سے بھاری مقدار میں نشہ آور اشیاءبرآمد کر لی ہیں۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت، خدا حافظ

............................................

...........................

.........

..